سیصلیٰ نارًا ذات لہب

للہ الحمد والمنہ کہ رسالہ عدیم النظیر عظیم التوقیر جلی الشان
قوی البرہان خرمن سوز تعصب بے سبب المسماۃ بہ

بفرمایش عالی جناب معلی القاب مقبول الانام

لہب نار ذات

سنہ ۱۳۰۶ھ

جناب راجہ سید غضنفر حسین صاحب دام اقبالہ

ردّ رسالہ جواب مثنوی شریف بنیاد اعتقاد حضرت مفتی علامہ مولانا
السید محمد عباس صاحب اعلی اللہ مقامہ فی دار الکرامت المسماۃ بسیلاب غضب

در مطبع احمدی بکمال اہتمام و تصحیح تمام جلیۂ طبع پوشید

Presented by Ziaraat.Com

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله الذي هو مسبب الاسباب من غير سبب لقطع دابر الضالين عن طريق الحق
والادب فاغرقهم الله في سيل الغضب واحرقهم بنارٍ ذات لهب والصلوة
والسلام على رسوله محمد سيد العجم والعرب وعلى عترته ونوابه لا سيما على من قال
الله تعالى في بابه فاذا فرغت فانصب والى ربك فارغب اما بعد سالکان طریق عدل
وانصاف وتارکان طریقۂ جدل واعتساف پر واضح ہو کہ خضر راه صدق و سداد یعنی مثنوی شریف عماد الاعتقاد
ایک مذہبی کتاب خاص عقائد امامیہ میں ہے جسکو صاحب قوة قدسیہ مالک ملکات ملکیہ جامع معقول ومنقول
حاوی فروع واصول سید المحققین سند المدققین نجل الائمة المعصومین فقیہ اہل بیت الطاہرین عمدة المجتہدین
حجة الاسلام والمسلمين استاذ الكل في الكل نائب ختم الرسل مولنا ومولى الناس جناب مفتی سید محمد عباس
صاحب قبلہ دام ظلہ العالی علی مفارق الایام واللیالی نے احادیث عترت اور اخبار ارباب عصمت وطہارت سے
منتخب کرکے زبان اردو میں واسطے تعلیم صبیان ونسوان مومنین کے نظم فرمایا ہے چنانچہ خود اوسکے دیباچہ میں
فرماتے ہیں ع اطفال اور نسا کے لئے یہ کتاب ہے اور کچھ اسمیں بحث ومناظرہ اور عتاب وخطاب فرق دیگر
سے مقصود نہیں اور نہ یہ کتاب از قبیل علم کلام کے ہے کہ برعایت قوانین مناظرہ مسلمات خصم سے اسمیں استدلال کیا

کیا جاتا اور یہ امر ظاہر ہے کہ بنا ہر مذہب کی عقائد پر ہے اور عقائد ہر مذہب کی عقائد مذہب دیگر سے جدا
اور مغائر ہوتے ہیں ورنہ تفرقہ و تمیز ما بین المذہبین باقی نہ رہے پس جب مدار تفرقہ مذاہب انہیں عقائد
پر ہے تو کسی فرقہ کو نفس عقائد فرقہ دیگر میں دست اندازی اور رد و قدح بیجا اور دخل و تصرف ناروا کا منصب
نہیں ہے مگر بعض متعصبین اہلسنت نے اس طریقہ کو بھی چھوڑ دیا اور بلا سبب بکمال غیظ و غضب نفس
عقائد شیعہ میں جنکے وہ بجائے خود معتقد ہیں اور اہل خلاف سے کچھ اسمیں بحث نہیں رکھتے دخل و تصرف شروع کیا
چنانچہ بالفعل ایک رسالہ ہندیہ مسمی بہ سیلاب غضب معنوی رد مضامین صحیحہ مثنوی باضافہ تشنیعات بیجا
ما لا یرام مانند شتم و فحش و دشنام دیکھنے میں آیا جسکو مولوی وحید نام فتحپوری نے تالیف کرکے لفظ
تعصب دکھایا اور اسکا دیکھنا تھا کہ اس تراب اقدام مومنین خاک پای شیعیان اہل بیت طاہرین امیدوار
رحمت حضرت باری المعروف بحسن بن علی النقوی البخاری کو حمیت ہاشمیت کا جوش آیا اور
نقض کلام لی اور سے صاحب سیلاب غضب کو اونکی سخت کلامی کا مزہ چکھایا اور چونکہ ابتدای طریقہ نامرضیہ
استہزا و تحریر طرف مقابل سے ہوی ہے لہذا یہ ہیچمدان پیش ارباب انصاف جواب ترکی بہ ترکی دینے میں معذور
ہے اور منصف غیر متعسف کو اس ترددسے غض بصر اور نفس جواب اور قول حق و صواب میں امعان نظر
ضرور ہے مگر افسوس کہ طرف مقابل گو کہنے کو مولوی بلکہ محمد فاضل ہو لیکن درحقیقت عامی و جاہل اور ملفوظات
اپنے اکابر سے بالکل نابلد اور غافل ہے اگر کچھ بھی استعداد اور قابلیت یا حیا و حمیت ہوتی تو کبھی عقائد شیعہ کے
اردو کتاب بنا بر رد و جواب انتخاب نکرتا بلکہ اگر مرد میدان ہوتا تو بقصد مقابلہ مجاہدین کرام معرکہ علم کلام
میں سبقت کرتا اور دیگر کتب ایکطرف خود مصنفات جناب آیۃ اللہ فی العالمین یعنی ناظم بنیاد عقائد جو بفضلہ آج
ہمعصر کتب اربعۃ ہیں لا اقل کتاب مستطاب روائح القرآن یا جواہر عبقریہ یا ایک مختصر رسالہ مسمی بہ شعلہ جوالہ کا
رد لکھتا کہ حقیقت حال معلوم ہو جاتی اور استعداد بے بنیاد کی قلعی کھل جاتی خیر لیکن اگر حوصلہ رد معتقدات شیعہ
باقی ہو تو بسم اللہ کتب کلامیہ امامیہ حاضر ہیں سہ خوش بود گر محک تجربہ آید بمیان تا سیہ روی شود ہر کہ درو غش باشد
بیچارہ یہ نہیں جانتا کہ عقائد صحیحہ امامیہ جو مشکوۃ نبوت اور مصباح ولایت سے مستنبط ہیں ابرہودسی ظلمت اہل
وضلال غیر الدفع و ممتنع الزوال بلکہ منتہای مرتبہ عروج و کمال پر ہیں یا ان شیعوں کو بتائید الہی استیصال

Presented by Ziaraat.Com

بحث ہی اہل فساد مین البتہ کچھ ضرورت اپنی روایات کی نہین بلکہ اونکی مذہب کی باطل کرنی کو اونہین کی
روایات وافی اور اونکی سرونکی وہ طلی اونہین کا ثابت کافی ہی ہرچند سنیونکو بہی شیعونکی دیکہا دیکہی اسبات
کی ہوس ہوتی ہی مگر جب باستدلال مسلمات خصم اپنی مذہب کی کسی بات کا ثابت کرنا چاہا وہین منہ کی کہائی اور
نقل روایات شیعہ مین بجز خیانت اور تہمت کی اور کچہہ بن نہ آئی علی ہذا استعمال الفاظ ثقیل بلکہ لعن طعن بہ نسبت
ہمہ گر بعض صحابہ جلیل سی بی قال و قیل کتب اہلسنت مین موجود ہین بلکہ مزید بران اس بی ادبی کی نوبت انبیا
واولیا بلکہ سید انبیا بلکہ حق جل و علا تک پہونچائی ہی پہر اسپر اونکو الزام دینا کمال بی قباحت اور بیحیائی ہی
چنانچہ جواب الجواب مین اسکا حال کہلا جاتا ہی جو الزام شیعون کو دیا تہا اولٹی اوسپر اور اوسکی اہل نحلہ پر آتا ہے
بعد اسکی اہل انصاف غور فرمائین کی کہ اس سب قبیح اور فحش صریح کا جو اس بی ادب نی درج رسالہ سیلاب غضب
کئی ہین کون سزاوار اور کسپر رحمت حق اور کس پر قہر نازل ہی اور وحید کی رسالہ کا نام سیلاب غضب
اور اس عجالہ کا نام تبت یدا ذوات لہب ہی اور اسمین پہلی ذکر اشعار یا خلاصہ اشعار وجواب وحید پہر جواب الجواب
پیروان عترت رسول مجید ہی اور دیباچہ رسالہ وحید مین چونکہ سوی دشنام کی سوا کوئی کلام لایق رد والزام نہ تہا لہذا اوسکو چہوڑ دیا
بنیاد اعتقاد سے قرآن مین جن پیمبرون کی نام آئی ہین اون سبکا اعتقاد بتفصیل چاہئی **قولہ اصول**
کلینی مین ہی کہ آدم علیہ السلام بسبب حسد ائمہ کی بہشت سی نکالی گئی معاذ اللہ حسد کی سبب سی شیطان نکالا گیا حضرت
ابو البشر کو شیطان سی نسبت دینا رافضی کا کام ہی سے رفض مالیخولیای خام آرد صبہ دیوانگی بدام آرد **اقول**
چرانا ڈہکوسلا شاہجی ولایتی کا ہی کہ تحفہ مین صواقع کابلی سی چوری کی اور وحید نی جہد سی اہلسنت چوری اور اوسپر
سینہ زوری کی کہ نام بہی چور کا نام نہ لیا نفس اعتراض کو بجانب خود منسوب کیا پہر اس چہیڑ چہاڑ کی حسام الاسلام
وغیرہ مین جو چیتہاڑ ہوی اوس سی بالکل انکہہ چرائی کچہہ بن نہ آئی اگر مرد میدان تہا تو حسام کا کوئی وار رد کیا
ہوتا کسی فقرہ کا جواب دیا ہوتا خیر اگر حسام اور استقصاء الافحام وغیرہا کتب علماء کرام کو نہین سمجہتا تو بالاختصار
ہمسی سنی کہ حدیث مذکور مین حسد بمعنی غبطہ ہی اور خود فقرہ حدیث وحملهما علی تمنی منزلتهم اسپر دلالت
کرتا ہی یعنی کہ تمنی منزلت غیر کو ہرگز حسد نہین کہتی بلکہ حسد استدعای زوال نعمت جانب غیر کا نام ہی اور چونکہ غبطہ پر
بہی اطلاق اسم حسد ہوتا ہی چنانچہ حسب تصریح اکابر سنہ غبطہ حسد خاص اور ارادہ سلب نعمت حسد عام ہی لہذا

بین غبطہ کو تعبیر بحسد کیا اب آمین قیل و قال مسدود ہی اور اگر غبطہ بہی مذموم ہی تو پہر بالفرض مشترک
الورود ہی اکابر شیعہ بہی جواز غبطہ پر قائل بلکہ بصراحت غبطہ حضرات انبیا و شہدا کی قائل ہین جامع صغیر سیوطی
مین فقرۂ یغبطہم الانبیاء والشہداء جسکی شرح کوکب منیر مین منقولاً از نہایہ ابن اثیر الغبطۃ حسد خاص
کی گئی ہی دیکہنا چاہئی اور جو جواب اسکا پیش خود سوچی وہی ہماری طرف سی بہی سمجہ لینا چاہئی اور غبطہ کیسا
حضرات اہلسنت نی تو حسد حقیقی بمعنی خواستن زوال نعمت حضرات انبیا کی واسطی باقبح وجوہ ثابت کیا ہی چنانچہ
تیسرا درر الاصول مین ایک نقل عجیب حسد موسوی قابل دید بلکہ نادیدہ و ناشنیدہ ہی کہ حضرت موسی نی ہزار انبیا پر جنکو
خداوند عالم نی خاص اونکی اعانت اور خلق کی ہدایت کیواسطی بہیجا تہا حسد کیا اور رجوع خلائق اونکی طرف آنا شاق
حضرت موسی کو شاق گزرا کاب نی چاہا کہ یہ فضیلت اونسی زائل اور وہ ہدایت خلق سی معطل ہو جائین پس خدا نی بہر
موسی . . . . سب ایک ہی شب مین مرگئی اور ناکردہ گناہ دنیا سی گزر گئی علی ہذا حسد حضرت داود پیغمبر
او . . . . نسبت بجد البیت عیت زن اوریا ہی اسی کتاب مین موجود ہی اب اہل ادب مغضوب الغضب سے
پوچہنا چاہئی کہ یہ حسد مذموم مردود جو حضرت موسی و حضرت داود سی بزعم اہلسنت واقع ہوا اور اونکا بدون
کی ہمت پر زوال آنا اور بیا غریب کی جورو کا چہین جانا درکنار ہزار جانین مفت گئین لائق تشنیع مذموم ہی یا حسد
محمود یعنی غبطہ حضرت آدم بلکہ یہان تو حضرت موسی کی حسد مذموم مین خدای حی و قیوم کی بہی شرکت پائی
جاتی ہی کہ اونہی حضرت موسی ہی اس حسد بیجا کا انتقام نہ لیا بلکہ اولٹی اونہین بیچاری بی گناہون کو ہلاک کیا
نعوذ باللہ من ہذہ العقیدۃ الفاسدۃ اور لطف تو یہ ہی کہ خود حضرت ابو البشر کی نسبت حسد مذموم کی
صراحت کتب اہلسنت مین موجود ہی چنانچہ علامہ زمخشری ربیع الابرار مین ناقل ہی کہ جب خالق عالم نی حضرت آدم کو
پیدا کیا تو اونکی طینت کو اخباث ثلاثہ یعنی حرص اور طمع اور حسد سی خمیر کیا باہنی خداوند تعالی جب جب یا ان
انبیا کا منہ کالا کری جنہون نی حضرت ابو البشر کو اجزای ثلاثہ خبیثہ سی ایک معجون مثلث بنایا کچہہ حضرت کی
عصمت اور نبوت کا بہی خیال نہ آیا پس ہرگاہ حسد مذموم باضافہ حرص و طمع حسب اعتقاد اہلسنت خمیر طینت
آدم ٹہرا تو پہر حضرت آدم حسد کرنی مین مجبور اور شیعون سی طعن و تشنیع نسبت حسد مذکور بجناب مزبور بمراحل دور ہی
سبحان اللہ یہ وحید حسد ہی کو جہیکتا ہی ذرا اپنی اکابر کی افادات کو تو دیکہی کہ وہ نیا راگ سناتی ہین یعنی

حضرت آدم سے موحد کو معاذ اللہ مشرک بتلاتے ہیں لواقح الانوار شعرانی میں تحت کریمۂ قال یا آدم هل
ادلک علی شجرة الخلد و ملک لا یبلی ابو العباس سے ایک روایت طویلہ منقول ہے جسکی بعض فقرات
بیسروپا شاہد دعوی یہ ہیں فقال یا آدم طلبت الخلود من الشجرة لا منی والخلود بیدی وملکی فاشرکت
بی یعنی اے آدم تو نے خلود ایک شجرہ سے چاہا مجھسے نچاہا حالانکہ خلود میری قبضۂ قدرت اور ملک میں ہے پس تو نے
میرے ساتھہ شریک گردانا ہے پناہ بخدا حرص اور طمع اور حسد اور شرک شعار کفار لیام ہے نہ طریقہ حضرت آدم
علی نبینا وآلہ وعلیہ السلام اور شیطان تو اس فرقہ کا پیشوا کیا بلکہ خدا ہے پھر اوس سے استعاذہ کب روا ہے
اسی لواقح میں آیا ہے کہ محمد حضرمی عمدۂ اکابر اہلسنت نے سر منبر تابعین حاضرین سے خطاب کرکے لا الہ لکم
الا ابلیس علیہ السلام فرمایا ہے لاحول ولا قوة شیطان کو خدا بنانا نصاریٰ کا کام ہے ﴿نصب بغض ساداتم
ناصب زشت را بد انجام ست بنیاد شقاوت﴾ ہے وہ فصاحت ایسی کہ جو لاجواب ہے لاریب یہ
کتاب خدا کی کتاب ہے **قولہ** آپ کے مجتہد تو اس قرآن موجود کو محرف بتاتے ہیں باین عبارت کہ چون نظم
قرآنی نظم عثمانی ست بر شیعیان احتجاج بآن نشاید کذا فی بارقہ ضیغمیہ پس اے شیعو اگر یہ کتاب قرآن ربانی ہے
تو بارقہ کو آگ میں پھینکو اور جو صحیفہ عثمانی ہے تو مفتی صاحب کی دانائی دیکھو ﴿عجب این فرقۂ بی نام و ننگست
بیکدیگر چہ بیباکانہ جنگست﴾ **اقول** بیان وحید ہے کہ علما بیان کرتے ہیں کہ بجز قرآن جمع کردۂ حضرت امیر
اور کسی قرآن کی ترتیب مطابق تنزیل کے نہ تھی ابن سیرین کا قول ہے کہ حضرت نے جو قرآن جمع کیا تھا اوسمیں علم
اور نفع جلیل اور ترتیب اوسکی موافق تنزیل تھی اسیطرح عبد الحق دہلوی نے رجال مشکوة میں اور عبد الشکور نے رسالے
نے تمہید میں ذکر کیا ہے پس بموجب روایات اہلسنت یہ نظم و ترتیب جو مصاحف مروجہ میں ہے لاریب یہ نظم و
ترتیب عثمانی ٹھہری جسمین حضرت عثمان نے سورہ و آیات مکیہ کو مدنیہ سے اور بالعکس بلکہ اس تداخل کے ساتھہ کہ سورہ
مکیہ میں بعض آیات مدنیہ اور سورۂ مدنیہ میں بعض آیات مکیہ ملاکر خلط ملط اور اولٹ پلٹ کر دیا ہیں باوجود اس
[illegible] کی اگر اہلسنت عدم اعطاء فدک یا حرمت متعہ میں بعض آیات کی مکیہ ہونے سے شیعوں پر احتجاج کریں تو
[illegible] ہی [illegible] اسیکو حضرت مجتہد نے بارقہ میں ارشاد فرمایا کہ چون نظم قرآنی نظم عثمانی ست
بر شیعیان احتجاج بآن نشاید مگر [illegible] کہ یہ عبارت سہل ہے معترض کی سمجھہ میں نہ آئی یا جان بوجھہ کر محرف بتایا

بنانی کی تہمت لگائی شاید اس اہتمام بی سود سی یہ مقصود ہی کہ کچھ اور زیادہ تفضیح اور تحریفات اکابر اہلسنت کی
تصریح ہو شیار بگوش ہوش سنی کہ کابلی نی صواقع مین اور صاحب تحفہ کی پدر بزرگوار ولی نی اپنی ازالہ مین آیہ
کریمہ والذین ھم لفروجہم حافظون کو فقرہ والحافظون لفروجہم سی بدل دیا اور خود حضرت شاہ صاحب
نی جو تحفہ مسروقہ مین جابجا شیعون پر تحریف کی تہمت لگائی ہین اور اونکی یہ چید خاص بنظر مزید عقیدت و خصائص
ظاہر او نہین کا منہ چڑاتی ہین اپنی بد حقیقی و مجازی دونو پر حاشیہ کیا چنانچہ اپنی کید صد دوم مین بجای ولا
علی المریض کی لیس علی المریض حرج اور عقیدہ اول مین آیہ سیقولون من بعید ناکو ویقولون من بعدنا
بنایا اور پورا فقرہ مشتمال دیکھہ بحرمون اپنی جا فیسی جا پایا ماشاء اللہ اسی حافظہ کی بہروسی پاین تحریفات
شاہ صاحب کو حفظ قرآن پر فخر و مباہات ہی پس ای سنیو اگر کتاب قرآن ربانی ہی تو صواقع اور ازالہ اور تحفہ
کو آگ مین پہینکو اور جو صحیفہ عثمانی ہی تو اوسکی حفظ پر فخر و ناز کرنی مین شاہ عبد العزیز صاحب کی دانائی دیکھو
عزیز من جواب است این نہ جنگ ست کلوخ انداز را پاداش سنگ ست بنیاد اعتقاد سے مشہور ہی حدیث بیت
خم غدیر کی ظاہر خلافت اوس سی ہی حضرت امیر کی قولہ حزن المومنین مین بروایت کلینی و ابن بابویہ و شیخ طوسی
و شیخ مفید باسانید معتبرہ امام زین العابدین و امام محمد باقر و امام جعفر صادق علیہم السلام سی یون آیا ہی کہ جناب
نبوت مآب نی شدۃ مرض مین حضرت عباس اور حضرت امیر کو طلب فرما کر بمواجہہ سب مہاجر و انصار حضرت عباس
سی یون ارشاد فرمایا کہ بعد میری خلافت میری تم قبول کرو حضرت عباس نی فرمایا کہ اس بار خلافت کی قابل حضرت امیر
ہین مجکو لیاقت اس عہدہ کی نہین تہی جبکہ جناب امیر مجمع عام مین بروز غدیر خلیفہ بلا فصل ہو چکی تہی تو النسبت حضرت
عباس کی بعد دو اڑہائی ماہ یہ ارشاد کیسا اور حضرت عباس کو جناب امیر کی لیاقت جتانی کیا ضرورت کیون نہ کہا
کہ آپ تو علی کو غدیر مین خلیفہ کر چکی اب یہ حکم میری نسبت کیسا اور کسینی اہل بیت مین سی بہی اب نہ کہا اقول حدیث
غدیر نص خلافت حضرت امیر اسقدر متواتر اور مشہور ہی کہ اہلسنت کو بہی بجز تسلیم و اقرار ہرگز مجال انکار نہین قطع نظر
دیگر روایات معتبرہ اہلسنت مودۃ القربی مین خود خلیفہ ثانی سی منقول ہی قال نصب رسول اللہ صلعم علیا فقال
من کنت مولاہ فعلی مولاہ الخ خلاصہ اس روایت طولانی کا حضرت ثانی کی زبانی یہی ہی کہ جب حضرت پیغمبر
نی خم غدیر مین حضرت امیر کو خلیفہ مقرر کیا اور من کنت مولاہ فعلی مولاہ فرمایا تو ایکجوان خوبرو پاکیزہ بو نی جو اوس وقت

دوسری آیت یہ ہے لیس علی الاعمیٰ حرج ولا علی الاعرج

میری پہلو میں تہا مجہسی کہا کہ یہ عجب عقدہ پیغمبر نے باندہا ہی کہ سوای منافق کی اور کوئی اسکو نہ کہولیگا
پس ای عمر تو بچنا اسکی کہولنی سی پہر حضرت پیغمبر سی یہ ماجرا بیان کیا آپ نی فرمایا کہ وہ بہی آدم سی نہ تہا بلکہ
حضرت جبرئیل تہی کہ دربارہ حفظ خلافت مرتضوی تمہیں تاکید اور تہدید کر گئی انتہی جب کہ جناب امیر مجمع عام میں روز
غدیر حسب ارشاد سید کونین بموجب شہادت ثانی شیخین خلیفہ بلافصل ہو چکی تہی تو انکار وحید و دیگر صنادید
اوس سی نہایت عجیب بلکہ صراحۃ حضرت ثانی کی تکذیب ہی **ہاں** یہ عذر البتہ ہو سکتا ہی کہ خلیفہ صاحب کی
قول کو نمانو اونکا کہنا خلاف جانو ہلیکہ بانی مبانی اخذ خلافت حضرت ثانی ہی ہوی جبرئیل سی فرشتہ مقرب
جلیل کی تاکید و تہدید کا بہی کچہہ خیال نہ کیا عقدہ بستہ حضرت پیغمبر کو کہول ہی دیا پہر اگر تم یہ کار سوای خلیفہ
اور خلیفہ سازی روز سقیفہ فضول سمجہتی ہو تو اونکو چہوڑ کر راہ راست پر آو خلافت بلافصل مرتضوی کی معتقد
ہو جاو اور حدیث کلینی بہت طویل ہی چند فقرات صدر حدیث ذکر کئی جاتی ہیں جو وحید کی خیانت و تبدیل
پر اول دلیل ہی قال لما حضرت رسول اللہ الوفاۃ دعی العباس بن عبد المطلب و امیر المؤمنین
فقال للعباس یا عم محمد تاخذ تراث محمد و تقضی دینہ و تنجز عداتہ فرد علیہ یعنی جب حضرت
وفات قریب ہوی پس حضرت عباس اور حضرت علی کو بولایا اور حضرت عباس سی فرمایا کہ ای چچا تم میراث میری
لوگی اور دین میرا ادا اور وعدہ میرا وفا کروگی حضرت عباس نی قبول نہ کیا پہر بعد تکرار سوال و جواب حضرت
ابو تراب سی ارشاد ہوا کہ یا علی یا اخا محمد اتنجز عداۃ محمد و تقضی دینہ و تقبض تراثہ فقال نعم
بابی انت و امی ذاک علیّ ولی فنظرت الیہ حتی نزع خاتمہ من اصبعہ فقال تختم بہذا فی حیوتی
قال فنظرت الی الخاتم حین وضعتہ فی اصبعی فتمنیت من جمیع ما ترک الخاتم انتہی یعنی ای علی ای
برادر محمد آیا تو وفا کریگا وعدی محمد کی اور ادا کریگا دین اونکا اور قبضہ کریگا تو میراث محمد پر حضرت امیر نی عرض کیا
ہاں فدا ہوں باپ اور ماں میری یہ سب امور واجب ہیں مجہہ پر اور میری ذمہ لی ہی یہ کام پایہ ترکہ فرمانی میں کہ پہر
دیکہا میں نی کہ حضرت نی انگشتری اپنی انگشت مبارک سی نکالی اور فرمایا مجہسی پہن لی اسکو میری زندگی میں یعنی میں نی
اور آرزو کی پہنی جملہ متروکہ سی اوسی انگوٹہی کی انتہی بقدر الحاجۃ **الغرض** تمامی روایت میں اول سی آخر
تک میراث کہیں ضمناً بہی اسکا ذکر اور اشارہ نہیں ہی کہ ای عم بعد میری خلافت میری تم قبول کرو اس عباس نی براہ

براہ تلبیس کس بیحیائی سے تبدیل و خیانت کا نقشہ جمایا خلافت اپنی طرف سے ٹہرایا میراث کو صاف اوڑایا اسپر
طرہ یہ ہے کہ حزن المومنین کا حوالہ دیا حالانکہ بفرض اعتبار حزن المومنین اوسکے مصنف نے اسمقام پر یہ شعر نظم
کیا ہے اور میراث کو بصراحت کہدیا ہے سنیے ؎ قبول ارث من کن ای عمو از عم ابریان عمو باید براد زادہ
را از عم وہم گیرد اب اہل انصاف غور کریں کہ حضرات اہلسنت کا نقل روایات شیعہ میں خلفا عن سلف یہی حال ہے
جو روایت کہ مذہب اہلسنت کو باطل اور صدیق اہلسنت کو دعوی عدم ارث حضرت پیغمبر میں حلیہ صداقت سے معرا
اور عاطل کرتی ہے اوسی روایت صحیحہ سے آنحضرت پر اتہام اور شیعوں پر الزام ہورہا ہے پھر کیف جب اصل
روایت میں خیانت ثابت ہو گئی تو اب جو کچھہ اس خائن نے اوس پر متفرع کیا وہ سب مصداق کالای بد بریش خاوند
اور متاع کاسد بلکہ بناء الفاسد علی الفاسد ہے اہلسنت کی نسبت البتہ یہ اعتراضات و احتمالات نہایت چسپاں اور
درست ہیں اسلیے کہ حضرت پیغمبر نے قریب وفات باتفاق فریقین انی تارک فیکم الثقلین کتاب اللہ و عترتی
اہل بیتی فرماکر تمسک اور اطاعت اہل بیت کا مانند تمسک و اطاعت قرآن مجید حکم دیا اور پھر اوسکو جملہ فان تمسکتم
بہما لن تضلوا بعدی اور لا تقدموھما فتھلکوا سے موکد کیا پھر اس حدیث متفق علیہ کے مقابلہ میں اہلسنت نے
اصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم کی حدیث بنائی پھر اسپر بھی قناعت نکی بلکہ خاص شیخین کی فضیلت
جتانے کو اقتدوا بالذین من بعدی ابی بکر و عمر کی حضرت پیغمبر پر تہمت لگائی اب وحید خود غور کرے کہ اگر علاوہ
حدیث تمسک جو عند الفریقین مسلم و متواتر ہے یہ دونوں گڈہی حدیثیں بھی صحیح ہیں تو معاذ اللہ حضرت کی اس بیجا اختلاف
بیانی پر صحابہ نے کیوں نہ کہا کہ آپ تو اہل بیت کو مثل قرآن مقتدای زمان کرچکے اب یہ حکم ہمارے نسبت کیسا اور پھر حکم عام
بایھم اقتدیتم اھتدیتم کے بعد تخصیص شیخین کی کیوں کی گئی اور کسینے اہل بیت میں سے بھی لب نہ کھولا اور
زیادہ تر حیرت یہ ہے کہ شیخین میں سے ایک نے بھی نہ بولا کہ یا حضرت ان اقوال ثلاثہ مختلفہ میں سے ہم کس قول کو
مانیں آیا اہل بیت سے تمسک کریں اور اونکی اطاعت کو فرض اور اونپر اور دونکی تقدم کو ممنوع سمجھیں یا عموماً صحابہ کی
اقتدا یا خصوصاً اپنے ہی مقتدای کل ہونے کو مسلم جانیں ؎ سمجھہ لیں اہلسنت گر حیا ہے پیمبر پر یہ کیسا افترا ہے قولہ
اور خود جناب امیر طلحہ و زبیر رضی سے کتاب نہج البلاغہ میں یوں ارشاد فرماتے ہیں واللہ ما کانت لی فی الخلافۃ
رغبۃ ولا فی الولایۃ اربۃ ولکنکم دعوتمونی الیھا و حملتمونی علیھا اور پھر بعد شہادت خلیفہ ثالث ایسا

[illegible]

ارشاد ہی کہ مجکو امیر نکرو بلکہ وزیر کرو تہی یہ روایات قابل غور ہین کہ خود مجتہدان امامیہ خلافت بلافصل باطل
ٹہراتے ہین ونیز جناب امیر ہی اپنی خلافت کو اجماعی فرماتے ہین اورکہین خلافت کی عہدہ سے بری الذمہ ہوی جاتے
ہین اور یہ مولف بربادِ اعتقاد بظاہر اونکی دوست کہلاتے ہین دہوبیون کا راگ گارہی ہین ناحق سوتے بجاتے
رہی ہین جناب امیر نے گرہ مشکل کہول دی انکہی بول دی منکر قول امام کا کافر ہے تم مادا ہے شیطان اوسکا پیشوا ہے
ے کسی راکہ شیطان بود پیشوا کجا باز گردد براہ خدا **اقول** کتاب نہج البلاغۃ اسوقت موجود نہین اور دیانت
وامانت وحید خائن اور اوسکی اسلاف کی نقل روایات شیعہ مین جیسی کچہ ہے وہ ماسبق سے بخوبی ظاہر ہے بانہمہ
اسفار معتمدہ قوم مین مسرود ہے کہ جب حضرت امیر نے بعد اخذ خلافت اوسکا مطالبہ فرمایا تو ایک نے اور حسنین نے
آپ کو خلافت پر حریص بتایا بعد اسکی جب عہد خلافت ظاہری مین باوجود اظہار کراہت طلحہ وزبیر نے آپ سے وبارہ
قبول خلافت از حد مبالغہ واصرار کیا اور بعد قبول کئے نہین دونون نے بیعت کی پہر غلیان مادہ بغاوت سے حضرت کا
ساتہہ چہوڑ دیا تب آپ نے اتماماً للحجۃ ناکثین بیعت خصوصاً طلحہ وزبیر سے فرمایا کہ مجکو کچہ خلافت وریاست کی رغبت
نہ تہی فقط بنظر احقاق حق مین طالب تہا پہر تم خود میری خلافت پر آمادہ ہوے اور مبالغہ واصرار سب کے پہلی بیعت کی
اور اب تمہین بغاوت کرتے ہو اس سے صاف ظاہر ہے کہ جناب امیر خلافت بطمع حکومت نچاہتی تہی بلکہ اپنا حق اور غیروں کو
غیر مستحق جانکر مطالبہ فرماتے تہے چنانچہ حدیث مناشدہ مرویہ فریقین سے ظاہر ہے وہمین وجہ جب بعد قتل خلیفہ ثالث
حق اپنی مرکز پر قرار پایا تو بموجب روایت روضۃ الاحباب آپ نے پہلی خطبہ مین الحمد للہ علی احسانہ لقد رجع
الحق الی مکانہ فرمایا اب زیادہ تصریح کی حاجت نہین یہ خطبہ ہی شاہد ہے کہ ضرور آپ نے بعد شہادت عثمان
فرمایا ہوگا کہ مجکو امیر نکرو بلکہ وزیر کرو اور اگر بالغرض فرمایا ہی ہو تو کیا مثل ارشاد خلیفہ اول لست بخیرکم ومنکم و بخیرکم
علی فیکم کی ہضم نفس یا امتحان رجحان قلوب مردم پر ہی محمول نہین ہوسکتا پہر کیف ہمتو حضرت امیر کی ہر قول
وفعل کو بموجب حدیث علی مع الحق والحق مع علی حق اور صدق جانتے ہین پس دعوی خلافت اور مطالبہ اوسکا
بدلیل وحجت جیسا کہ کتب کلامیہ فریقین مین بشرح وبسط مرقوم اور کچہ تفصیل اوسکی کتاب **تثبیت الخصام**
مولف اقل الانام کی جلد دوم سے معلوم ہوسکتی ہی حق اور صحیح تہا اور اظہار کراہت بہی بمصلحت الزام ناکثین بیعت
وعلی ہذا استدلال آپ کا صحت خلافت پر حجیت اجماع جو دلیل مسلم ومقبول مخالفین خصوصاً اہل شام تہی بنہایت خست و

Presented by Ziaraat.Com

ودرست تہا اپنی دعوی کو مسلمات خصم سی ثابت کرنا مین مناظرہ ہی اور انکار اوسکا یا اوس استدلال کو مستدل
کی نزدیک مسلم سمجہنا محض مکابرہ ہی العیاذ باللہ کہ حضرت امیر خلافت اجماعی کو حق جانتی ہون البتہ چونکہ اہل شام
ایسی خلافت کو حق جانتی تہی لہذا حضرت نی اونہین کی اعتقاد فاسد کی مطابق اون پر حجت تمام کی کہ میری خلافت بہی
بہی اجماع ہوا اور خلافت اجماعی تمہاری زعم ناقص مین حق ہی پس میری خلافت حقہ اور اطاعت مطلقہ سی منہ
نہ موڑو معاویہ باغی کا ساتہہ چہوڑو مگر وحید نی ادب حضرت امیر عرب کی الزام دینی کو بمقتضای الغریق
یتشبث بکل حشیش ہر جگہ سوار پکڑ تا ہی اور عقل نی تباہی سی کیا کیا اس قول واہی پر اکڑتا ہی کہ کہین جناب امیر
اپنی خلافت کو اجماعی فرماتی ہین اور کہین خلافت کی عہدہ سی بری الذمہ ہوی جاتی ہین یہ نہین جانتا کہ حضرت امام
نی یہ امور محض بغرض تبکیت والزام بغاۃ لئام فرمائی تا احقاق حق مین کوئی حجت باقی نرہی ورنہ درحقیقت وہ اپنی تئین
خدا ورسول کیطرفسی خلیفہ وامام جانتی تہی پنجابتی خلافت کو کب صحیح مانتی تہی اور دہوبیون کا راگ اگر اہلسنت خصوصا
وحید گائی اور شوب بجائی تو بجا ہی کہ انکی بعض اکابر مرجع کار دہوبی کی متبنی بلکہ خدمتگار تہی مگر وحید تو فقط اپنی
عزیز دہلوی کی تہمت مین یہ راگ کہیلنا جانتا ہی قاضی ابو یوسف کی حالات ومقالات کو جو امام اعظم کی صاحب تہی مطلقا
نہین پہچانتا ہی اب بغور اونکا حال سنی اور دہوبی کی پاٹی پر اپنا سر دہنی صاحب معرکشکن نی ایک روایت عجیب
محمد بن جریر طبری سی لکہی ہی جسکا خلاصہ بقدر ضرورت یہ ہی کہ قاضی موصوف نی کہا کہ جب میری باپ مجہی بچہ چہوڑ کر مر گئی
تو میری مان نی مجکو ایک دہوبی کی سپرد کیا کہ مین اوسکی خدمت کرنا اور اپنا پیٹ بہرتا تہا اور بوفور شوق تحصیل علم مروج
پا کر حلقہ درس امام اعظم مین جا بیٹہتا تہا مگر حضرت والدہ فورا میرا ہاتہہ پکڑ کی اوٹہا لیجاتی تہین اور اوسی دہوبی کی سپرد
کر آتی تہین انتہی اب جہانتک ہو سکی دہوبیونکا راگ گائی اور اسی روایت اور قاضی جی کی طرفہ حکایت پر گیت
گائی اور سوپ بجائی کہ قاضی سا دہوبی کا بالکا نہ سرکانہ تال کا تمہارا ناٹک ہی اب خدا جانی یہ خود دہوبی ہی
یا حال کہ ہی جو کچہہ ہو مگر اسپر یہ مثل بہت ٹہیک آتی کہ جو جسکا کہاتی گا اوسی کا گاتی گا پہر حضرت مفتی پر زبان درازی
نہ کری اپنی قاضی ہی کی دہوبیونکا راگ گائی اور شوب بجائی پر راضی رہی ورنہ منکر معراج کی حکایت سی زیادہ
شکایت کی نوبت آتی کی جسکو دہوبی نی پٹرا کیا اوسکی قلعی کہولی جاتی گی اور چونکہ اس ذلت کی علت ایسی بیان جسید قطعی
نہین ہوگی نہ اودہر کی رہوگی نہ اودہر کی سے حیرت کروگی دانت سی اونگلی کو کاٹ کی گہر کی رہوگی پر نہ بجا گہاٹ کی

آخر تمہی گروہ مشکل کہلوای انکہی تو ای منکر معراج کافر جہنم ماواہی اور شیطان تو وحید اور ہم مشرب وحید کا پیشوا
کیسا بلکہ خدا ہی چنانچہ قبل اسکی بیان ہو چکا ہی اب شعر مذکور کا لطف پائیے گا اور اپنی ہکہی پر یہی شعر پڑہکر بہتایئے گا ع
کسی را کہ شیطان بود پیشوا کجا بانہ گردد براہ خدا **بشنیاد اعتقاد سے** تنہا لڑی ہین آپ ہمیشہ فرار سےہی
قائم کیا ہی دین نبی ذوالفقار سی **قولہ** جناب سیدہ نسبت بجناب امیر خائف و پردہ نشین و فرار جیسا کہ حق الیقین مین
ہی ارشاد فرمائین اور تمام جہین کی آثار بتائین اور آپکو فرار سی لڑائی مین جہوٹہی چلکی بجاتی ہین سچ فرمائے
کہ منکر قول جناب سیدہ کا کافر ہی یا اگر جو صحیح ہو وہی آپ ہی کو سمجہو **اقول** یہ سوء ظن مصداق ان بعض الظن
اثم ہی منتہی الکلام اور معرکۃ الآرا مین مسرود اور اجوبۂ شافیہ اسکی تشئید اور معرکہ شکن وغیرہ مین دندان شکن موجود ہین مگر
اس خائن نی اعتراض مذکور تو بدون حوالہ کتب مذکورہ ذکر کیا اجوبہ شافیہ الخ کو چہوڑ دیا اگر مرد میدان تہا تو اون
جوابات کا رد اور اپنی گہروالونکی مدد کرتا خیر اب اسکا جواب لو نہین کتابونمین دیکہ لی ہم اس قابل کی تطویل لاطائل
پر کہان تک گزری ہوی باتونکا اعادہ اور اقوال مردودہ کی ردکا پہر ارادہ کرین **ہان** خاص ہمارا جواب بنا بر بعض
طبع اولی الالباب یہ ہی کہ جناب عائشہ نسبت بحضرت عثمان کما فی نہایۃ ابن اثیر اقتلوا نعثلا قتل اللہ نعثلا ارشاد
فرمائین حضرت خلیفہ اول کی بیعت کو خود ابی بیعت فلتہ ٹہرائین اور اسکی شر سی مسلمانون کو بچائین اور وقت فرار
الی محل و صعود جبل بکر گود کر لی ہوی فی آیۃ اذ تصعدون کا نتیجہ اس آیہ کا دم بہر لی ہوی راہ لین اپنی تئین بز کوہی کی
تشبیہ دین اور وحید غیر سدید ان تینون کو خلیفہ بناتا ہی جہوٹہی چلکی غلط پہونٹا پرانہ ربانہ بجاتا ہی سچ کہی یہ
تشبیہ نعثل اور بز کوہی کی خائف اور پردہ نشین کی تشبیہ سی گرم تر اور منکر اسکا منکر قول حضرت عائشہ و حضرت عمر
اور کافر بلکہ اکفر کا ہم کیش و ہمسر اور منکر قول جناب سیدہ نصبہ فدک مین کون تہا کہ جسے اسکی بہی خبر ہی یا نہین اگر بیخبر ہی
تو تو خیر ورنہ حال غیر ہی جب باخبر ہو کر جپ نر ہی تو اختیار ہی جو چاہی اپنی کو اور اون دو لفظون سی جو چاہی اپنی خلیفہ
کو ابہی سے سمجہہ کر بات کرتی ہین سخندان وہ اوندہی منہ ہین گرتی جو ہین نادان **قولہ** ہان یہ بیت مطابق عقیدہ
اہلسنت کی صحیح ہی اونکی نزدیک حضرت امیر کرار ہین نہ معاذ اللہ خائف و فرار شیخین کی دوست و وفادار تہی نہ
تقیہ ناعقول کی سزاوار **اقول** اگر یہ بیت مطابق عقیدہ اہلسنت ہوتی تو امام اہلسنت فخر الدین رازی اقرار شجاعت
حضرت امیر پر کیون مورد الزام ٹہرای اور شیعہ بنای جاتی لسان المیزان عسقلانی کی یہ بات بتائی تامل غور ہی قال

[illegible]

Presented by Ziaraat.Com

قال واستدعى ابن الطباخ ان الفخر كان شيعيا يقدم محبة اهل البيت لمحبة الشيعة حتى قال في بعض
تصانيفه وكان علي شجاعا بخلاف غيره انتهى يعني ابن طباخ ركابي مذهب مدعي ہي كہ فخر رازي شيعہ تہا
اور اہل بيت كي محبت مثل شيعہ مقدم جانتا تہا تا اينكہ اپني بعض تصانيف مين كہا ہي كہ حضرت مرتضى علي شجاع اور
بہادر تہي بخلاف اونكي غير كي انتہى الله اكبر فخر الدين سا ستي متعصب جسكي اوصاف جميلہ اور محامد با صاحب
منتہى الكلام سي سنا چاہي جب اوسكي زبان پر قادر توانائي محض اپني قدرت كاملہ سي البيا كلمہ حق كہ جس سي بيا
ثابت ہو كہ سلي شجاعت مصنوعي يارونكي نيست و نابود ہوگئي جاري كيا سنيون كو كچھ بن نہ آئي مجبر اسكي كہ ايسي
متعصب پر تشيع كي تہمت لگائي كيا خوب جو محبت اہل بيت اور ان حضرات كي اعلم و افضل ہوسن اعتقاد كرتي ہين
شيعون پر تعجب اور نہاية العقول مين باين عبارت نامعقول و العجب انہم يزعمون ان التقي و النقي و
الحسن العسكري كانوا عالمين بجميع مسائل الاصولية والفرعية جليها و تفاصلها الخ ان بزرگوار وكي
اہانت و منقصت باين بي ادبي و تعصب كري با اينہمہ وہ محب اہل بيت اور شيعہ كہلائين اور كہني والي كو كچھ شرم نہ آئي
اور اسكي بعد كي فقرہ كا جواب يہ ہي كہ اگر سنيونكي نزديك حضرت امير كرار تہي نہ معاذ الله خائف و فرار تو كرار كو ماني
كہ فرار سي ننگ و عار ہو نہ اونكا دوست و فادار و العاقل تكفيه الاشارة اور حسب افادہ وحيد تقيہ كي
يہ دو قسمين جديد معقول و نامعقول كي معلوم ہوئين ليكن بنظر انصاف يہ تفرقہ بين القسمين بہت واضح اور صاف
ہي پس تقيہ حضرت امير مثل تقيہ حضرت موسى مقررہ قاضي بيضا قسم اول مين داخل اور تقيہ عبد الله بن عمر بيعت
يزيد پليد مين جيسا كہ رشيد الفضلا كہا كر بغرض رفع عار و ندامت و رفع ملامت خليفہ زادہ زاد والد بنيه ليتبعاوه
يہ تاويل عليل كرتي ہين قسم ثاني مين شامل ہي سه بات كرني مين جو يون كہا گيا ہي سمجہ كيا وہ آپ منہ كي كہا ہي گا
بنياد اعتقاد سه عثمان سي ہميشہ تہي نالان عائشہ ديتي تہي اوسكي قتل كا فرمان عائشہ جب قتيل وہ ہوا
تو طرفدار ہوكي لڑني علي سي چہوڑ كي اپنا وطن گئي قولہ عائشہ امير المومنين سي لڑين جو امام سي لڑي وہ مسلمان نہين
اقول بيان سي وحيد صنيد ني اشعار كو چہوڑ كر فقط خلاصہ مختصرہ پر اكتفا كيا اور عذر ترك نظم پر ايك حاشيہ ميں لكہدا
جو بالكل مہمل اور اوسكي بيديني پر دال بلكہ اول ہي ايسي كہ مستحق لعن پر لعن و طعن اگر بيديني ہي تو كتب اہلسنت مين جو
حضرت پيغمبر كي لعنت متخلفين جيش اسامہ پر اور بي بي عائشہ كي بد زباني حضرت عثمان پر اور حضرت امير كي لعن ابو ابا اہم

[illegible]

[illegible]

اور طلحہ و زبیر نی عوام پر جا بجا ند کو بھی جب ان حضرات خصوصًا سیدہ کائنات نی اہلسنت کی بڑی بڑونکو زیر بار کلمہ کیا
جواب وحید بیدین خیال کری کہ یہ بدزبانی اوسکی کہان تک جاتی ہی اور اوسکی سر پر کیا آفت لاتی ہی والتدیہ بید ہی
قوم ایسی ہی مقامات مین کالشمس فی رابعۃ النہار ظاہر و آشکار ہوتی ہی کہ یہ حضرات محبت اعادی رسول و آل رسول مین
ایسی منہمک ہین کہ اونکی معائب کی اصلاح مین ہرگز حفظ مراتب جناب پیغمبر آنکو منظور نہین ہی اہل انصاف غور کرین کہ پہلی تو اس
باحیا فرقہ نی آباء کرام حضرت بشیر و نذیر کی بیدینی و تکفیر مین اسقدر مبالغہ کیا کہ اپنی کتب معتبرہ کو اس مطلب واہی سی بہرا
ضلالت و گمراہی سی بہر دیا پہر جب سمجہی کہ رفع عار صنم پرستی امرای نامدار کیواسطی اثبات کفر آباء رسول مجید چندان نافع
و مفید نہین تو اسپر بھی ترقی فرمائی کمال بی ادبی اور بیحیائی کی نوبت آئی جو قابل بیان نہین مگر بضرورت لکہتا ہون کہ
الست افضل المحبین اولکمین کہ یہ ہماری شان نہین واقدی اپنی طبقات مین سفیان ثوری سی ناقل ہی قال سمعت النصبی
یقول فی قولہ تع ووجدک ضالا فہدی قال کان رأی النبی صلعم علی دین قومہ اربعین عاما انتہی اس عبارت
منحوسہ کا ترجمہ میری جرأت سی باہر اور مطلب ارباب نفاق اس سی جو کچھ ہی وہ ظاہر و باہر ہی حیرت ہی کہ ایسی کلمات
قبیحہ کی کہنی والون پر صاعقہ کیون نگرا اور وہ دیدہ و دہن و شریر بصورۃ قردۃ و خنازیر مسخ کیون نہوگئی پس جب پیغمبر خدا
متبع دین حنیف کی نسبت بیدینی کا اثبات ہی تو زبدۂ نسل پیغمبر کو بیدین کہدینا کتنی بات ہی اور یہ کیا ہی اسنی تو آگی چلکر
کلمۂ فحش بھی کہدیا مگر الحمد للہ کہ خدای دانا نی اوسکا انتقام بخوبی لی لیا کما سیاتی فانتظر قولہ صاحب کامل بہائی خروج
عائشہ مین لکہتا ہی کہ عمار یاسر نی جناب امیر سی کہا کہ یا علی یہ لوگ اہل قبلہ ہین قتل انکا روا نہین امیر المومنین نی بھی اونکی
تکفیر کا حکم نہین دیا بلکہ اپنی محارب کو کتاب نہج البلاغہ مین بہائی اور صاحب اسلام ارشاد فرمایا ہی اقول کامل بہائی
اسوقت موجود نہین مگر بظاہر اسمین بھی خیانت اس خائن کی ثابت ہوتی ہی اسلئی کہ باب مدینہ علم ہرگز محتاج تذکیر عمار نہ تھے
وحید نی ممدوح اقضاکم علی کو قائل قول کل اناس افقہ پر قیاس کیا کچہہ لولا علی لہلک عمر کا بھی خیال نہ آیا کہ کس
شخص کو جسکی محتاج حضرت عمر تہی تذکیر حضرت عمار کا محتاج بنایا ہان اگر حضرت عمار نی اس غرض سی کہا ہو تو عجب نہین
کہ عوام کی دلونسی یہ شبہہ جاتا رہی کہ اہل قبلہ کا قتل جائز نہین ہی پر اس سی وحید کا مطلب حاصل نہوگا اور بہائی و شافی
کا جواب آگی آتا ہی کیون گہبراتا ہی قولہ اور مجالس المومنین مین ہی کہ حضرت عائشہ نی بحضور جناب امیر حرب توبہ کی
کی اس سبب سی لعن اپنی بچایا ہی اقول مجالس مین تو ہمنی ذکر توبہ حضرت عائشہ بہت ڈہونڈہا مگر کہین نہ پایا ہان

شان ذکر عدم توبہ ولعن محاربین حضرت امیر جا بجا بعنوان مختلف نظر آیا از انجملہ عذر بارد توبہ اصحاب جمل و
صفین میں یہ جواب جناب شیخ قزوینی مذکور ہی و مشہور ست کہ ہنوز غبار معرکہ جمل ننشستہ بود کہ طلحہ و زبیر را کشتہ
یافتند پس ہرگاہ مجرد تجویز روا دارند کہ طلحہ و زبیر در حالت نزع از عداوت و خصومت علی مرتضی توبہ کردہ و نجات
یافتہ باشند باید کہ بنا برین اصل کرم و تفضل نمودہ تجویز نمایند کہ ہشام بن الحکم و مومن الطاق وغیر ہما در حال نزع از عداوت
ابوبکر و عمر توبہ کردہ باشند و نجات یافتہ و الا چون این جماعہ اکابر شیعہ را کہ دشمن ابوبکر و عمر میدانند دشنام و لعن میکنند
باید کہ طلحہ و زبیر و امثال ایشان را نیز کہ دشمنان علی بودند و بہ تیغ او کشتہ شدند حمایت نکنند کہ جواب یک تمیمہ راست
و یک تمیمہ دروغ نباشد انتہی و از انجملہ جواب صاحب فضائح جسنی کہ اہل جمل و صفین کو تعبیر بہ افاضل ناس کہا ہے شیخ
ممدوح نے فرمایا ہی و نمیدانم کہ از افاضل ناس چگونہ باشند جماعتی کہ تیغ بر روی امام کشند و او را دشنام دہند کہ زنگ
بیرون دہی بعنقید الا ان اباالحسن قد اشرک علی مشرک شد با اینہمہ مسلمان و بہشتی و از افاضل ناس میباشند اما آنہا کہ
گویند کہ امام بنص باید و دون اختیار بر تقدیر کافر و ملحد و رافضی باشند ای مسلمانان اگر منکران امامت ابی بکر رافضی
باشند منکران امامت علی چرا سنی و بہشتی باشند نہ بر دو بر یک حدیست کہ آنچہ رافضیان را لازم است در انکار امامت ابوبکر و عمر
طلحہ و زبیر و عایشہ را ہم چندان آن لازم است در انکار امامۃ علی انتہی بلکہ خود جناب قاضی اسی کتاب میں فرماتی ہیں کہ اگر بعض
خلفاء ثلاثہ بنا بر عدم احتیاج ایشان و تغلب خود باستعمال تیر و شمشیر ظاہر نبود مخالفت و محاربہ عایشہ و طلحہ و زبیر و معاویہ
و صحابہ کہ با ایشان بودند مخفی نیست انتہی الغرض ان افادات سی صاف ظاہر ہی کہ جناب قاضی کی نزدیک محاربہ
امیر کی فاسق اور ملعون ہوتی ہیں بلکہ اونکی کفر و نفاق میں کچھہ شبہہ نہیں پس کیونکر توبہ عایشہ کی قائل اور منع لعن کی
مائل ہوتی اور بفرض تسلیم توبہ جبتک حضرت امیر کا عفو فرمانا حضرت عایشہ کا آپ کی خلافت کا معتقد اور آپکا تابع ہو جانا
ثابت نہ کریگا توبہ زبانی سی حصول برات ایمانی اور برادت نیرانی دشوار ہی پہر ذکر توبہ بیکار ہی توجہ صاحب
اگر توبہ کیجاتی توبعد حضرت عایشہ کی زبان سی زبان پر مرتی وقت اپنی محدثات پر کہ وہی خروج اور بغاوت ہی کیون حسرت
و ندامت کی تقریر آتی دیکہی کتاب الاعلام میں یہ کلام انہا لما احضرت ای عایشہ ۱۲ قیل لہا ندفنک مع رسول اللہ صلعم
فقالت ادفنونی مع اخوانی بالبقیع فانی قد احدثت امورا بعدہ انتہی و نیز جب حضرت پیغمبر نی منع حرب
مرتضوی میں خاص حضرت عایشہ سی خطاب ایاک ان تکونی کیا ہو اور با اینہمہ حضرت راکبۃ الجمل نی بلا عمل مال دیا ہو

تو کیونکر مجاورت آنحضرت سی تو شرمائین اور بقیع مین دفن کرنیکا حکم نہ دیا مین مگر تعجب ہی کہ دفن بقیع مین جواب
حضرت عثمان کا جواب نہ آیا جنکی حق مین کہا قتلوا نعثلا فرمایا اسی سی معلوم ہوگیا کہ میان عثمان خاص بقیع مین
دفن نہین ہوئی جیسا کہ وحید نی اگلی چل کر غل مچایا اور جواب پایا ہی قولہ ای شیعو تمہی ہو جانی کا مقام ہی کہ ابن مجتہدین
ماسبق وجناب اور مقبول حق کی کلام سی محارب آپ کی مسلمان قرار پائی اور تمہارا مفتی اپنی کتاب بزاد المتقین
مین کچھ اور ہی گال بجا رہا ہی راگ الحمد نہ گا رہا ہی لیکن کیا ہوتا ہی مفت ایمان کہوتا ہی اقول شیعہ تو بیسے
کیا ہونگی مگر اہلسنت اگر ضد سی نکرین اور انصاف پر آوین تو بیشک شیعہ ہوجائین کہ حضرت رسول اور تدبیر قول
کی ارشاد سی محارب حضرت امیر مثل محارب حضرت بشیر و نذیر مسلمان برائی نام مسلوب الایمان بد انجام قرار پائی اور
حضرت عائشہ کو اپنی بغاوت پر حسرت و ندامت کا اظہار اہلسنت کو اونکی توبہ ثابت کرنی مین اصرار ہی کہ جنگ جمل کا
اونٹ اس کل بیٹھتا ہی نہین آمین وحید کا شتر غمزہ بیکار ہی بیناحق کچھ اور ہی گال بجا رہا ہی راگ ملحدانہ
مانند مخنث زنانہ بی تال و سر گا گا رہا ہی محارب بن ماسبق کی قول سی وہ مسلمان قرار پائی اونکی کلام کو سند مین
لائی اور حضرت امیر کی مسلمان فرمانی کی وجہ اگلی آپ ہی شارح نہج البلاغہ کی تقریر دلپذیر سی الٹی اسلام برائی نام
کو علمی کہلی جاتی ہی بس ہماری حضرت مفتی پر ناحق اعتراض اور ابن قاضی کی حال و مقال سی کیون اغماض
ہی جو صحبت امام اعظم سی راضی ہوکر وجوبی کی بالکی ہونی پر مفتی بن راضی ہوگئی **بنیاد اعتقاد سے**
طلحہ و زبیر دونو بڑی نابکار ہی دشمن علی کی عایشہ کی دوستدار تہی پہلی تو اکی دونوں بیعت علی سی کی پہر
عایشہ سی مل کی عداوت علی سی کی قولہ کتاب نہج البلاغہ مین جناب امیر طلحہ و زبیر کو مسلمان فرما چکی اور اونکی
اجماع پر بعد خلیفہ ثالث اپنی خلافت جتا چکی اقول حجت اجماعی کی وجہ تو قبل اسکی ہم بتا چکی لیکن باغیون کی
اسلام پر یہ بیعت بغلین بجاتا ہی بار بار غل مچاتا ہی ہرچند اسکا پورا جواب تو ذکر حاکم شام اور استدلال بکلام معجز نظام
اخواننا فی الاسلام مین حسب وعدہ تبی گا لیکن چونکہ مثل دیگر حیلہ سازان وحید اسپرست مغرور و نازان ہی لہذا
کچھ بیان یہی اسکا سرور و غرور بزور قلم مبدل برنج و الم کردینا ضرور ہی پس آگاہ ہو کہ بغاۃ طغاۃ لاسیما خصوصا
طلحہ و زبیر ایسی مسلمان تہی جنکو حضرت امیر کی بموجب روایت ریاض النضرہ و مطالب السئول ظالم ارشاد کیا
مصداق لعنۃ اللہ علی الظالمین قرار دیا اور حضرت عمر لی تو وہ کلمہ سخت سنایا کہ دونو کو چہٹی کا دودھ یاد آیا

آیا اور اوسکی شرح عنقریب آئیگی حقیقت حال اخوت کذائی و اسلام ربانی معلوم ہوجائیگی
قولہ خصوصًا حضرت زبیر برادر پھوپھی زاد حضرت امیر جنکی شان میں صاحب کشف الغمہ یوں شہادت
دیتا ہے کہ جب جنگ جمل میں ابن جرموز لعین نے حضرت زبیر کی شہادت کا مژدہ جناب امیر تک پہونچایا کہ یعنی
تیرے بدخواہ کو شربت شہادت پلایا آپ نے فرمایا کہ مجکو خیر النساء سے یاد ہے کہ زبیر کا قاتل جہنمی ہے وہ یہ سنکر
غصہ میں آیا اور اپنے کو جہنم میں پہنچایا حضرت امیر نے فرمایا لقد صدق رسول اللہ ص بشر قاتل ابن صفیہ
بالنار اقول ظاہر ہے کہ کوئی قرابت دنیا میں ماں باپ کی خصوصیت اور قرابت سے بڑھکر نہیں ہے پس جب کہ
جناب امیر کہ حضرت پیغمبر کے والدین ماجدین حسب اعتقاد سراسر فساد اہلسنت معاذ اللہ کافر اور جہنمی ہوے
اور منزلت ابوت پیغمبر دادا ہم کچھ اونکے کام نہ آئی تو زبیر کو برادر پھوپھی زاد ہونا حضرت امیر کا کیا کام آئیگا اور
کب باعث بہبودی روز جزا اور جزا و سزا سے بچائیگا اور قاتل زبیر بسبب خودکشی مستحق جہنم ہوا نہ بسبب قتل زبیر اسلئے
کہ قتل زبیر بہ تقریب دعائے بد حضرت امیر تہا چنانچہ کتاب مطالب السئول میں منقول ہے کہ جب زبیر نے بغاوت کی راہ لی
تو حضرت امیر نے ہاتہ اوٹہا کر بددعا کی یعنی کہا اللّٰہم ان الزبیر بن العوام قطع قرابتی و نکث عہدی و ظاہر
عدوّی و نصب الحرب لی وھو یعلم انہ ظالم لی اللّٰہم فاکفنیہ کیف شئت و انّی شئت جب یہ دعائے معصوم
موجب ہلاک مقتول معلوم ہوئی تو قاتل اوسکے قتل کے سبب کب مستحق نار ہوسکتا ہے بلکہ وہ اپنی خونمیں خود گرفتار اور بوجہ
آتش جہنم بالنار ہوا اب اس کلام معجز نظام کے فقرات طیبات کے کچھ رموز و کنایات بیان کیجاتی ہیں جو عقیدہ کو بلکہ
اوسکے پیرو کے بھی ہوش اوڑاتی ہیں پس آگاہ ہو کہ قول حضرت امیر قطع قرابتی سے واضح ہوگیا کہ برادر پھوپھی زاد ہونا زبیر کا
اوسکے کفر و فسق بسبب انحراف و بغاوت منقطع و مردود ہوگیا اور وحید عنید کا فخر و ناز اس کلمہ باعجاز سے بالکل بیسود ہوگیا
اور نکث عہدی سے معلوم ہوا کہ زبیر مورد کریمہ انما ینکث علی نفسہ تہا اور ظاہر عدوی سے ظاہر ہوا کہ بغاۃ
جنگ جمل وغیرہ عدوی امیر المومنین اور زبیر حضرت کا حریف اور اونکا ردیف اور بجملہ شرکا و معاونین ہواداروں تہا اور
نتیجہ عداوت منشاء بغاوت کتاب مفتاح النجا میں حضرت ام سلمہ رض سے یوں مذکور ہے قال رسول اللہ صلعم لا یحب علیًا
الا مومن ولا یبغضہ الا منافق اور اس سے بڑہکر یہ روایت ہے اخرج الدیلمی عن ابن عمر عن النبی صلعم علی
بن ابی طالب باب حطۃ فمن دخل فیہ کان مؤمنا ومن خرج منہ کان کافرا یعنی دیلمی نے ابن عمر سے اور اونسے حضرت رسول

Presented by Ziaraat.Com

سے روایت کی ہے کہ علی دروازہ حطہ بن جواس در مین در آیا وہ مومن ہے اور جو اس سے نکل گیا وہ کافر ہے
چونکہ محاربین جمل و صفین باب حطہ سے خارج حیطہ بغاوت میں داخل ہوئے پس بالضرور حسب وعید من خرج
زمرۂ خوارج میں شامل ہوئے **قولہ** جسکو جناب امیر مسلمان فرمائیں اور اوسکی قاتل کو جہنمی بتائیں اوسکو
نابکار کہنا نطفہ حراموں کا کام ہے **اقول** کچھ اس لیے تکی بیٹھے دل کو حضرت عمر کی قول کی بھی خبر ہے جنہوں
نے بموجب روایت کتاب الامامة والسیاسة عبد الرحمن بن عوف کو فرعون امت اور طلحہ کو متکبر زن مرید اور زبیر
کو کافر الغضب اور بقول شارح نہج البلاغة یوما انسان ویوما شیطان فرمایا کچھ ان مقبولین قوم کا لحاظ نہ آیا
اب وحید صید ذرا غور کریں اور بتائیں کہ بموجب اوسکی قول کالبول کی کون نطفہ حرام ہے اور طلحہ و زبیر
اور ابن عوف ثالث بالخیر کی نسبت ایسے الفاظ قبیحہ ایک نہ دو بلکہ زیادہ جو لفظ نابکار کی نکڑ دادا ہیں کہنا
کسکا کام ہے اس سے بڑھکر مناسب مقام نطفہ حراموں کی کام پر ایک معجزہ قرآنی اور کرامات سید سادات حضرت
مفتی عمرانی کا بیان اور قدرت یزدانی کا اعلان ہے وحید بے ادب مستحق وعید رب غریق سیلاب غضب
حریق نار ذات لہب کبگوش دل سنے کہ نطفہ حرام کا پردہ فاش کیا جاتا ہے خداوند علام خود قرآن مجید میں فرماتا ہے
ذرنی ومن خلقت وحیدًا یہ آیت ولید پلید کی ضمن میں نازل ہوئی مگر یہاں تو وحید پر بھی لگا و صادق آئی
جیسے وحید کی اوسکی پیر کبیر کی زبانی بڑی تفضیح اور جیسی وحید کی تفسیر کبیر میں تحت آیہ کریمہ یوں تصریح ہوئی ہے
وقال ابو سعيد الضرير الوحيد الذي لا اب له وهو اشارة الى الطعن في نسبه كما في قوله تعالى عتل بعد
ذالك زنيم یعنی ابو سعید ضریر نے کہا کہ وحید وہ شخص ہے جسکا باپ نہو اور یہ اشارہ ہے طرف طعن کی اوسکے
نسب میں جیسے کہ قول خدا تعالی عتل الخ میں تصریح ہے کہ وہ تندخو اور زنازادہ ہے انتہی اب وحید اور ولید میں
فقط ایک نقطہ کا فرق رہا اور جس کلمہ فحش سے اوسنے حضرت مفتی کا قصد کیا تھا خدا نے نام لیکر صاف کہا سے بڑا لقمہ
دیا ان پر الٹی پایا ہگا بانی کا تیری منہ پہ آیا یہ ہے مفتی عالم کی کرامات کہاں تک کوئی کسی اور کسبہ چھپایا **قولہ** اور
منکر قول امام جہنم مقام ہے **اقول** بیشک ہمارے امام کی قول کی یہی شان ہے لیکن جب اہل جمل و صفین یا مابین
تو اوسکا کیا علاج مگر آپ نے کلمہ حق کہا یہ آپکا احسان ہے اب اپنی امام کی قول کی منکر کا تو حال کہیے کہ اوسکا کیا انجام
اور کون سا مقام ہے **قولہ** باقی دوستی و عداوت کی کیفیت کتاب فضیحة الشیاطین سے عیاں ہے منتظر رہنا چاہیے

اصل حال آشکارا ہی اگر فہم درکار ہی **اقول** محبت اور عداوت ایسی چیز نہیں جو چھپائی سی چھپ سکی مصاحب
فضیحت مصداق خود فضیحت بدیگران نصیحت اپنا عیب اوروں پر لگاتا ہی باتیں بناتا ہی وجہ اوسکی دم میں
نہ آئی تنبیت الخصام مولفہ افل الانام کو دیکھی تو حال کھلجائیگا تاکہ اصل حال بکمال نہ ہونیکی محبت وعداوت کا فقط
ابن طباخ کی ایسی ایک فقرہ یعنی ان الفخر کان شیعیا یقدم محبۃ اہل البیت لمحبۃ الشیخین ہی سے آشکار
اگر فہم صحیح درکار ہی بشیاد اعتقاد سے جب مبتلا ہوئی مرض الموت میں نبی ایک فوج جنگ روم
کی جانب روانہ کی سرداری کا اسامہ کو نام ونشان دیا ابوبکر اور عمر کو بھی سپاہی
پاک رہی بغض وکینہ سی جو دشمن علی تھی مدینہ سی تا بعد انتقال رسالتماب
میں بوتراب کی کہتی رہی رسولخدا جلد اور جو بچائی لعن خدا اوسپر غضب **قولہ** ابوبکر نے
لشکر اسامہ سی تخلف کیا حالانکہ پیغمبر نے اوس لشکر کو خود رخصت فرمایا تہا اور بہت تاکید کی تہی کہ جہزوا
جیش اسامہ لعن اللہ من تخلف عنہ **اقول** فریقین نے تو حضرات شیخین کو متخلفین جیش اسامہ میں شمار
کیا ہی اور اشعار میں بہی اسکا اشعار کردیا ہی پہر معلوم نہیں کہ وحید نے تنہا حضرت ابوبکر کو کیوں لیا اور حضرت
عمر کو کیوں چہوڑ دیا **قولہ** جملہ لعن اللہ من تخلف عنہ کتب اہلسنت میں کہاں ہی جو محتاج جواب ہو **اقول**
علامہ شہرستانی کتاب ملل ونحل میں بندای بلند پکار رہا ہی کہ حضرت پیغمبر نے یہ جملہ فرمایا اسیطرح شارح مواقف
ابوبکر جوہری ملا یعقوب لاہوری شارح بخاری نے اس جملہ کی تصریح کی ہی اب یا تو ان اشخاص کو زمرہ اہلسنت
اور کتب مذکورہ کو کتب اہلسنت سی بدلیل خارج کریں یا ہم جو حضرت کی اس جملہ فرمانے پر بس یاد کہیں نعوذ کر نہ مرے
قولہ جسکو آنحضرت صلعم نے عین وقت وفات کی واسطی نظام دین کی امامت کیلئی اہل اسلام پر نائب اپنا مقرر
فرمایا ہو اوسکو منافقین میں شمار کرنا ملعون بیدین کا کام ہی **اقول** یہ امامت حسب تصریح اکابر اہلسنت آنحضرت
کی بیہوشی اور غفلت میں فقط باجازت حضرت عائشہ ہوئی وعید خدا سی ڈری حضرت پیغمبر افشا نہ کریں
اگر بارشاد آنحضرت ہوتی تو کیوں ہوش میں آکر حضرت عائشہ کو اس کارسازی پر انکن لصواحبات یوسف
فرماتی اور حضرت ابوبکر کی جنبش نمازی پر بقدر آزردہ ہوئی کہ باوصف قوت ضعف صحت وضعف قوت فضل بن عباس
اور حضرت امیر پر تکیہ کر کی مسجد میں تشریف لائی اور حضرت ابوبکر کو بھی ہٹا کر خود بنفس نفیس امامت فرمانی

اور کتب اہلسنت مین مذکور ہی کہ فقط حضرت عائشہ نی یہ کارگزاری نہین کی بلکہ بی بی حفصہ نی بہی اپنی پدر بزرگوار کی بارہ مین یہ اہتمام فرمایا تہا چنانچہ صاحب مدارج النبوۃ لکہتی ہین فرمود پیغمبر خدا شما ای زنان صواحب یوسف اید در دل چیزی میدارید وظاہر چیزی دیگر میکنید انتہی اب ایسی پیشمازی کب لایق اعتماد اور بمقابل شیعہ کیونکر قابل احتجاج و استناد ہی حضرات اہلسنت آپ ہی حضرت خلیفہ کو عہدۂ امامت سے سرفراز فرماتی ہین پہر آپ ہی جیش اسامہ سی اونکو متخلف ٹہراتی ہین چنانچہ تفصیل اسکی عنقریب آتی ہی سارے قلعی کہل جاتی ہی پس اگر وحید کی نزدیک اونکو متخلفین مین شمار کرنا طعون بیدین کا کام ہی تو اسکی اکابر پر یہ قصہ تمام ہی اور وحید کا کیا ذکر ہی تو سہی سی آپ جادہ پر سالک ہی اور اسی وادی مین ہالک والحمد للّٰہ علی ذلک **قولہ** اور جو من تخلف بالفرض حضرت نی فرمایا ہی ہو تو یہ تو بتلاو کہ لفظ من سے عام ہی یا خاص اگر عام ہی تو حضرت حیدر کرار و دیگر اہل بیت اطہار اس وعید مین شریک ہین اور جو خاص ہی ساتہہ متعینات اسامہ کی تو جہز و اجیش اسامہ خطاب طرف متعینات کی نہین ہو سکتا **اقول** یہی صاحب تحفہ کی سخن سازی اور وحید کی زبان درازی ہی بہرکیف تشئید المطاعن وغیرہ مین جو خدمت گزاری صاحب تحفہ کی گئی ہی وہی اونکی چیلی اکیلی کیواسطی بہی کافی ہی بیان اسقدر سمجہہ لی کہ اگر لفظ من عام ہی ہو تب بہی پناہ بخدا حضرت حیدر کرار واہل بیت اطہار اس وعید مین بنا برظن بد وحید شریک نہو سکتی کہ یہ حضرات باتفاق فریقین ابتدا ہی سی شامل جیش اور داخل تعبیت اسامہ نہ تہی چنانچہ مدارج النبوۃ مین مذکور ہی حکم عالی چنان صادر شد کہ اعیان مہاجر وانصار مثل ابوبکر صدیق وعمر فاروق وعثمان ذو النورین وسعد بن ابی وقاص وابو عبیدہ بن الجراح وغیرہم الا علی مرتضی کہ ہمراہ نگردد دران لشکر ہمراہ اسامہ شوند انتہی اب جیسے حضرت مرتضی اور اہل بیت بشہادۃ دوسری شاہ دہلوی کی اس عموم سی خارج ہین ویسی حضرات ثلاثہ نے اس وعید مین داخل ہین کیا خدا کی قدرت ہی کہ ہر چند صاحب تحفہ اور وحید مین گانٹہ ہی چہنی لیکن کچہہ بہی بنا نہ بنی جنکو چاہتی تہی الزام تخلف سی بچائین صاحب مدارج کی صاف گوی سی بچا نہ سکی اور کوی وسیلہ لنگڑی لولی ہی مثل فضل فضولی لا نہ سکی چنانچہ اوسنی ابطال الباطل مین پہلی تخلف کا ثبوت دیا پہر یہ عذر بدتر از گناہ پیش کیا ہی ومع ذلک استاذن عن اسامہ وھو الامیر فی التخلف فاذن لہ یعنی حضرت ابوبکر

ني اپني سردار اسامه سي اذن تخلف طلب كيا اور اسامه ني اونكو اذن تخلف كا ديا انتهى غنيمت هي كه
يه بات تو نهين چهپائي گو اوسكي عذر مين ايك مهمل بات بنائي بهلا بيچاره اسامه كو يه جرأت كهان تهي
كه باوجود حكم قطعي حضرت پيغمبر وه حضرت ابوبكر كو اجازت تخلف كي ديتي اور باوصف امارت بلاي مخالفت
پيغمبر اپني سر ليتي اور اگر بفرض محال اذن اسامه تسليم هي كيا جاي تو خليفه صاحب كي كيا منه تها جو حمله
معلومه كي قرباني كي وقت حضرت پيغمبر سي يه عذر كرتي كه آپ غيظ وغضب مين نه آئين متخلفين كو لعنت
ملامت نفرمائين بنده درگاه اور خيرخواه بلا اشتباه ني بموجب اذن اپني امير كي تخلف كيا هي **قوله** باقي
جواب اسكا كتاب ذوالفقار علي براعداي اصحاب نبي كي صفحه ۶ مين موجود هي جسكو ضرورت هو ديكهه لي يا تحفه
كي سير كري **اقول** كتاب كا نام تو اچها ملا چرا ليا كه سنتي والا گهبرا جاي ليكن جب اوسكي مزخرفات ديكهي
تو بي اختيار هنسي آجاي بس اس تيغ كلي كو جسني تحفه وغيره پر اپنا قبضه كيا تبركاً نيام اهل خلاف غلاف مين ركهي
اور بجاي تحفه شيعه اور نقشبند وغيرها كي سير كري **قوله** مگر صلح حديبيه مين جو حكم آنحضرت خاص جناب امير كو
هوا تها كه لفظ رسول كي محو كردو آپ ني فرمايا كه يه مجهسي نهوگا آيا يه تخلف جناب امير سي هوا يا نهين اسكا كيا جواب
هي ع مرزا ني تا من بگفتار دم نكوگوي گر دير گوئي چه غم **اقول** ايسي لي تكي بات وهي گا دي كهي گا
جسكو ليسي سامري امت ني بهكايا اور يادگار عجل جسداً له خوار بنايا هو يه صاحب تحفه كا دبل كيون
جو اوڑالي ديتا هي دوسري دهلوي كي ليك پر كيون نهين چلتا اور اس سخن ناصواب كا جواب پوچهه ليتا هي
جو مدارج النبوة مين پكاري كهه رهي هين كه اين امتناع علي از محو لفظ رسول الله نه از باب ترك
امتثال است كه مستلزم ترك ادب است بلكه عين امتثال وادب ناشي از غايت عشق ومحبت است انتهى اور اگر
اسپر بهي شاخ نكالي تو اوروسي پوچهي كه وه كبهي اپني كا مذ مانه ملائين كي بلكه اگر منصف هين تو صاحب مدارج
هي كي آگاه پر جا بيٹهين گي آپ ميان وحيد بتائين كه صلح حديبيه مين جو اعتراض حضرت خليفه ثاني ني حضرت
پيغمبر پر كيا اور اسقدر غيظ وغضب مين آئي كه آپ كي نبوت هي مين شك لائي چنانچه ابن قيم ني كتاب زاد المعاد
مين لكها هي قال عمر بن الخطاب والله ما شككت منذ اسلمت الا يومئذ فاتيت النبي صلعم فقلت
يا رسول الله الست نبي الله حقا قال بلى الخ اسكا كيا جواب هي ع هر كه بيهوده گردن افرازد خويشتن را

بگردن انداز و بیت یاد اعتقاد سے توڑا در مدینہ علم نبی کا در سرگرم اسپہ تہا کہ جلائی علی کا گہر

قولہ ملا باقر مجلسی نے حیات القلوب مین لکہا ہی کہ علی بن ابراہیم نے ابوذر سے روایت کی ہی کہ ایکروز مین ہمراہ عمر بن خطاب کی ایک راہ پر جاتا تہا عمر کو مضطرب پایا اوسکی سینہ مین ایسی آواز سنی گئی کہ جیسا کوئی خوف سے مدہوش ہوتا ہی پوچہا کہ ای عمر تجکو یہ کیا ہو رہا ہی کہا نہین دیکہتا شیر بیشہ شجاعت کو مینی جو نظر کی تو جناب امیر نظر آئی پہر کہا کہ جب مین علی کو دیکہتا ہون اسطرح ہراسان ہوتا ہون اور دوسری روایت یون ہی کہ خلیفہ دوم نے ایکمرتبہ شیعونکو بدی سے یاد کیا تہا اوسپر جناب امیر نے ناخوش ہوکر خلیفہ دوم سے مخاصمت کی اور ایک کمان ہاتہ مین تہی اوسکو زمین پر مارا وہ اژدہا ہوگئی خلیفہ کو اوس سے ایسا خوف پیدا ہوا کہ بعجز پیش آئی تب آپ نے اژدہی کو اوٹہا لیا وہ پہر کمان ہوگیا مگر تا دم مرگ وہ خوف خلیفہ کی دل سی نہین گیا

اقول تعجب ہی کہ تنہا ایک کمزور آدمی کہ جسکو علی کی صورت دیکہنی سے ہراس و خوف پیدا ہو اور کمان کی جو قصہ بعجز پیش آئی اور تا دم مرگ وہ خوف اوسکی دل سی نجائی تو ایسا شخص خائف ہنہ تنہا مدینۃ العلم شیر بیشہ شجاعت کا کیونکر در توڑ سکتا اور گہر جلا سکتا ہی اوسوقت جلال ہاشمی کہان گیا تہا کہ خلیفہ کو ہراس ہوا اور وہ کمان ایران مین تہی یا قم اور کاشان مین یا قبضہ ٹوٹا تہا یا گوشی سی اوتری تہی شیعون کی بدی سننی مین تاب آسکے اور گہر جلنی اور رسن گلو ہونے مین کہان بہواگئی العظمۃ للہ کتنا جہوٹ کا زور ہی ایک روایت شیر بیشہ شجاعت کو جیان بتاتی ہی اور ایک پہلوان سے

مزن دم بجز راستی زینہار کہ کاذب بود خوار در اعتبار

اقول ہم مکرر کہہ چکی کہ یہ مثنوی بطور علم کلام نہین ہی خاص عقائد شیعہ مین نظم کی گئی ہی پس اگر غیر شیعہ کے نزدیک وہ عقائد مسلم نہین تو اسمین کچہ شیعون کا ضرر نہین اور اخبار اہل بیت مین قصہ احراق بیت منقول ہی اور بمفاد اہل البیت ادری بما فی البیت وہ نہایت مستند اور طعن کی بحث اسمین فضول ہی با اینہمہ خدا کے قدرت سے اکابر اہلسنت نے بہی اسکا اعتراف کیا ہی کہ حضرت عمر نے تہدید احراق بیت مع اہل بیت بعد بیعت نشدن سے کی چنانچہ کتاب الامامۃ والسیاسۃ ابن قتیبہ مین ہی فدعا عمر بالحطب فقال والذی نفس عمر بیدہ لتخرجن او لاحرقنہا علیکم علی ما فیہا فقیل لہ یا ابا حفص ان فیہا فاطمہ فقال و ان کانت انتہی یعنی حضرت عمر نے لکڑیان منگوائین اور قسم کہائی کہ یا تو تم لوگ باہر نکلو یا مین اس گہر کو مع تم سب کی جلا دون گا کہا گیا کہ اس گہر مین فاطمہ

[illegible]

ہیں فرمایا اگرچہ فاطمہ ہوں (یعنی معاذ اللہ اونکو بہی جلا دو) نگام بلکہ خلیفہ صاحب بتقاضای حرارت جلانے
پر تو ہمقدر آمادہ و سرگرم تہی کہ تہوڑی آگ بہی ساتہہ لائی تہی جیسا کہ ابن عبد ربہ نے کتاب العقد میں ذکر کیا ہے
فاقبل ابی عمر بقبس من نار علی ان یضرم علیہم الدار انتہی فاعتبروا یا اولی الابصار باقی تصبر
نسبت بجلال حضرت امیر وہی شبہہ دیرینہ اور تقویم پارینہ ہی جو جوابات تحفہ وغیرہ میں بتواتر مقطوع اور
مدفوع ہو چکا ہے مگر چونکہ فہم کلام اساتذہ کرام جہابذہ عظام جاہلوں کا کام نہیں لہذا چند اشعار نظم بالنظام موثق
بنیاد اعتقاد حضرت مفتی علام جو زبان فارسی میں نہایت سلیس اور نفیس ہیں لکہی جاتی ہیں بعد اس نظم فارسی
کے بعد کچہہ ہندی کی چندی بہی کہوائی کی عبارت آرائی وحید کی داد و بیجای کی نظم معجز نظام ہے

از چنین صبر باید آگہی توچہ آگاہی وچہ بخواہی این نہ مقدور ہر ولی باشد خاصۂ مرتضی علی باشد
صبر بر ہر یکی ز بشر شاق ست بر شجاعان زیادہ تر شاق ست ہر قدر کار سخت تر باشد مدح را جزء ہمانقدر باشد
نکتہ دیگری در اینجا ہست دانش ہر کہ از حق آگاہ ست کہ بود خشم از برای خدا موجب رحمت و رضای خدا
در غضب از برای خود باشد نیست ممدوح بلکہ بد باشد پس بود نقل آن شقی رہبند کہ تفو بر رخ علی افگند
